نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر زرعی ٹاسک فورس کی جعلی و غیر معیاری زرعی ادویات و کھادوں کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 17 دسمبر 2021 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان احمد بزدار کی ہدایات پر زرعی ٹاسک فورس پنجاب نے صوبہ بھر میں جعلی و غیر معیاری ادویات کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس ضمن میں اب تک 29 ہزار 8 سو 34 مقامات پر چھاپے مارے گئے ہیں اور 2727 ایف آئی آرز کا اندراج عمل جبکہ 1238 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی جا چکی ہے۔زرعی ٹاسک فورس پنجاب نے اب تک 69 کروڑ روپے کی جعلی زرعی ادویات و غیر معیاری کھادوں کو ضبط کیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوث افراد کو قانون کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/ واٹس ایپ پر **0300-2955539** کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆